ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 02199212639

رواں ماہ عارضی سکونت ایکٹ کے تحت کراچی میں 748 ملزمان جبکہ 677 غیر قانونی تارکین وطن گرفتار۔

کراچی 24 مارچ 2017ء:۔

ترجمان سندھ پولیس کے دفتر سے جاری اعلامیے کے مطابق آئی جی سندھ اے ڈی خواجہ کو ایک رپورٹ میں بتایا گیا کہ کراچی پولیس نے تینوں زونز کے اضلاع میں قائم مختلف تھانوں کی حدود میں چھاپہ مار کاروائیوں کے دوران عارضی سکونت ایکٹ کی خلاف ورزی پر مجموعی طور پر 377 مقدمات کے تحت 748 ملزمان کو گرفتار کیا جبکہ دیگر کاروائیوں میں 348 مقدمات میں گرفتار کیے گئے غیر قانونی تارکین وطن کی تعداد 677 رہی۔

اے آئی جی آپریشنز سندھ نے رپورٹ کی تفصیلات کا احاطہ کرتے ہوئے بتایا کہ ایسٹ زون میں عارضی سکونت ایکٹ کے 96 مقدمات میں 187، ویسٹ زون میں 181 مقدمات میں 393 جبکہ ساؤتھ زون میں 100 مقدمات کے تحت 168 ملزمان کو باقاعدہ گرفتار کیا گیا۔

یکم مارچ تا اب تک کی رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ زون ساؤتھ میں 12 مقدمات میں 18، ویسٹ زون میں 221 مقدمات کے تحت 371 جبکہ زون ایسٹ میں 115 مقدمات کے تحت 288 غیر قانونی تارکین وطن کی گرفتاریاں عمل میں لائی گئیں۔

آئی جی سندھ نے رپورٹ کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایات جاری کیں کہ جرائم کے خلاف پولیس کے مجموعی اقدامات کو مزید تیز کیا جائے اور بالخصوص کسی بھی حوالے سے انٹیلی جینس اطلاعات کی شیئرنگ اور بروقت فالو کرنے کے جملہ امور کو انتہائی ٹھوس اور مربوط بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ امن وامان کے حالات پر مؤثر کنٹرول کے ضمن میں علاقہ پیٹرولنگ، پکٹنگ، ریکی نگرانی ودیگر ضروری امور سمیت روزانہ کی بنیاد پر تین گھنٹے رینڈم اسنیپ چیکنگ اور داخلی وخارجی راستوں پر ناکہ بندی اور سرچنگ کے عمل کو ہر سطح پر غیر معمولی بنایا جائے۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔